اور ہنبہیری کہ ساتون آیا اب
لجان محزون نکل ہی جاتی ہے
کہین کسکے تو ہے قیامت جنگ
بیگمان جیسے بوا آ بیٹھا
کرنہ حایط مین کچہ رہا تھا زور
دوڑے اور چھلے کہ ہال ہال چلے
ایک کالا پہاڑ آن گرا
جے مٹا اور چہاتے بے دہسکی
بار سے جلد ہی درست کی دیوار
ہر سے ہے ایک خرابی گھر رہے
زلف زنجیر ایک کہنہ جدید

تنکے جاندار ہین جو بیش و کم
ایک کھینچے ہے چونچ سے کر زور
پوچھ مت زندگانی کیسی ہے
کیا کہون جو جفا کشی سے سہی
بوریا پھیل کر بچھا نہ کبھو
ڈیوڑھی کی ہے یہ خوبی گہر ایسا
جنس اعلے کوئی کھٹولا کھاٹ
کھٹملون سے سیاہ ہے سو بھی
شب بچھونا جو مین بچھاتا ہون
کیڑا ایک ایک پہر بکوڑا ہے
ایک چٹکی مین ایک چہنگلی پر
گرچہ بہتون کو مین مسل مارا
سلے راتون کو گھس گئین پورین
ہاتھ تکیے پہ گہہ بچھونے پر
سلسلایا جو پائنتی کے اور

تن پہ چڑیون نے کے ہنگ ہر باہم
ایک لکڑی پہ کر رہی ہے شور
ایسے چھپر کی ایسی تیسی ہے
چار پائی ہمیشہ سر پہ رہے
کونے ہی مین کھڑا رہا یکسو
چھپر اس چوٹلے کا گھر ایسا
پائے ٹوٹی رہے ہین جنکے میہا ٹھ
چین پڑتا نہین ہے شبکو بھی
سر پہ روز سیاہ لاتا ہون
سانجھ سے کھانے ہی کو دوڑے ہے
ایک انگوٹھا دکھاوے انگلی پر
پر مجھے کھٹملون نے مل مارا
ناخنون کی ہین لال سب پورین
کبھو چادر کی کونے کونے پر
وہین مسلا کرا چڑیون کا زور

مثنوی مسمی بمعاملات عشق

میں تو حیران کار تھا اپنا | کوئی اسدم نہ یار تھا اپنا
اینٹ پتھر تھے مٹی تھی یکسر | خاک میں مل گیا تھا گھر کا گھر
چرخ کی کجروی نے پیسا تھا | پر خدا میرا جیسے سیدہا تھا
کتنے اک لوگ اسطرف دہائے | یا ملک آسمان سے آئے
مٹی لے لے گئے وہ ہاتھو نمین | کام نے شکل پکڑی ہاتو نمین
صورت اوس لڑکے کی نظر آئی | ہم جو مردے تھے جان سی پائی
آنکھ کھولے ادہر اودہر دیکھا | اس خرابے کو پھر نظر دیکھا
قدرت حق دکھائی دی آکر | یعنی نکلا درست وہ گوہر
داشت کی کوٹھری مین لا رکھا | گھر کا غم طاق پر اوٹھا رکھا
مومیائی کھلائی کچھ ہلدی | فرصت اسکو خدا نے دی جلدی
غم ہوا اسکے دوستداروں کو | پھر نہ رہا یہ خیال یاروں کو
کہ مری بود باش یان نہ رہے | گو تصرف مین یہ مکان نہ رہے
شہر مین جا بہم نہ پہونچے کہین | چار ناچار پھر رہا مین وہین
اب وہی گھر ہے بے سر و سایہ | اور مین ہون وہی فرومایہ
دن کو ہے دہوپ رات کو ہے اوس | خواب راحت ہے یان کسو کو کوس

قیس کیا رنج کھینچ کھینچ موا
سر پہ فرہاد کے سنا جو ہوا

عشق نے جیا تہان جلائین ہین
آگین کس کس جگہہ لگائین ہین

عشق مین ایکجی کو کہو بیٹھے
ایک آنکھونکو رو کے رو بیٹھے

ایکون کا جیب تا بدامن چاک
ایک ڈالے ہے سر کے اوپر خاک

شان ارفع ہے جنکی خوار ہین یان
عقل والے جنون شعار ہین یان

خستۂ عشق کچھہ نہ میر ہوئے
بادشا عشق مین فقیر ہوئے

کوئی دل تنگ ہو کوئی مین گرا
کوئی ڈوبا کوئی گیا نہ بہرا

جب تپنگا ہوا تہا اس سے داغ
تب دیا جیکو ان نے ہیش چراغ

عشق کی فاختہ کشمکش ہے
عشق سے عندلیب دلکش ہے

عشق باعث ہوا وطن چہوٹے
مرغ پکڑے گئے چمن چہوٹے

مایۂ درد و رنج سب ہے عشق
متصل رونے کا سبب ہے عشق

ٹپ گئے دل جگر مین آخر چہید
کچھہ نہ پایا کنہون نے عشق کا بہید

اپنی تیغ ستم جو اینچے عشق
جامے بہتون کی خون مین کہینچے عشق

عشق سے قمری ہو حریف سرو
منہ سے آنکھین لڑا رہا ہے تدرو

ایک مدت تلک یہ صحبت تھی
کبھو الفت کبھو نہ الفت تھی
رفتہ رفتہ سلوک پیش آیا
ہاتھ پانون کو اپنے لگوایا
گاہ بیگاہ پانون پہیلا کر
میری آنکھون سے تلوے ملوا کر
چلکر آئے تھے جب کبھو ایدہر
پانون رکھتے تھے میری آنکھون پر

معاملۂ دوم

دلدہی کرتے جب تلک سوتے
دیکھکر روتے آپ بھی روتے
پانون اونکے اگر لگے تھے ہاتھ
جو گزرتی تھی تجھ پہ مین کہتا بات
لطف سے پوچھتے کہو کیا حال
ایک دو دن مین بعد رفع ملال
رکھنی تھی کرکی آوارگی قسم
مین جو کہتا قسم تو ہو برہم

قصہ میرا بھی سانحہ ہی عجب	کس پہ گزرا ہی یہ ستم یہ غضب

معاملۂ اول

ایک صاحب سے جی لگا میرا | اونکے عشوون نے دل ٹھگا میرا
ابتدا مین تو یہ رہی صحبت | نام سے انکے تھی مجھے الفت
خوبی انکی جو سب کہا کرتے | گوش شش میرے ادہر رہا کرتے
بخت برگشتہ پہر جو یار ہوئے | اک طرح مجھسے وے دوچار ہوئے
کیا کہون طرز دیکھنے کے آہ | دل جگر سے گزر گئی وہ نگاہ
چپکے منہ اون کا دیکھہ رہتا مین | جی مین کیا کیا یہ کچھہ نہ کہتا مین
وے تو ہرچند اپنے طور کہتے | پر تصرف مین ایک اور رکھے تہے
کرتے ظاہر مین احتیاط بہت | مجھسے بہی رکہتے اختلاط بہت
بات کی طرز میری ہی بہاتی | میری آزردگی نہ خوش آتی
پیار چتیون سے پہر نکلنے لگا | دیکہنا دلکو میرے ملنے لگا
کہین دیکھون تو بات دیر کہین | بیدماغ اور بیگمان رہین
کچھہ آزار مجھکو دینے لگے | قسم اقسام مجھسے ملنے لگے
مین جو کہتا قسم تو ہو برہم | کہنے لگتے کہ کیا گدا کی قسم

معاملۂ سوم ۶۰۰

کی تھی
دیکھنے مین تو ایک بابت تھی [illegible]
حسن سے چال یہ نکالی تھی [illegible]
[illegible]

[illegible]

اوسکی زلفون مین دل گئے ہین بہرے — رہے سنبل کے پیچ پاچ دہرے
اوس جبین سے ہو ولگی کب جاذب — صبح صادق کی دعوی ہو کاذب
ویسی بہوئین کشیدہ بہی ہین کہین — یہ کمائین کسو سے کہنچتے نہین
سیہری پلکون کی اور سب کی نگاہ — چشم پر میری تیری چشم سیاہ
کہون چتون کی دیکہنے کا طور — اس قیامت پہ وہ قیامت اور
سطح رخسار آئینے سے صاف — جو نہ ٹھہرے نگہہ تو رکہئے معاف
لطف بینی کا فہم سے ہے دشوار — ایک باریک بینی سے ہے درکار
کیا جہمکتا ہے ہائے رنگ قبول — جیسے نکہرا گلاب کا سا پہول
ہے دہن تنگی سے سخن کوتاہ — کچہہ نکلتی نہین سخن کی راہ
اوس سے گل کیا جنے کوئی ہمدم — غنچۂ نا شگفتہ سے بہی کم
برگ گل سے زبان ہے نازک تر — پہول جہڑتے ہین بات بات اوپر
کیا کہون کم ہین ایسے شیرین گو — وہ زبان کاش میرے منہ مین ہو
دمبدم سوے گوش اشارۂ صبح — گوہر گوش یا ستارۂ صبح
جب بناگوش ان نے دکھلایا — صبح کا سا سمان نظر آیا
ان لبون کا مزا لیا سو بہانت — قسکے اوپر ہمارا بہی ہے دانت

ہائے اوس سے خدا جدا نکرے ۔ دور اس سے جیون خدا نکرے
یون نہین سرخ اسکی ہر انگشت ۔ ڈوبے ہین میرے خون مین یکمشت
وہ کف دست راحت جان ہے ۔ کاش سینے پہ رکہدی غم یان ہے
کیا بیان خوبی شکم کو کرے ۔ دیکہنے سے کبہو نہ پیٹ بہرے
صدر کے ناچیے سے تا ناف ۔ چیپکی جاگہہ ہے کیونکہ کہیے صاف
اس سے پہر آگے غنچۂ گل ہے ۔ یان سخن بابت تامل ہے
پردے مین بہی جو کچہہ کہا جاوے ۔ آپ سے تو نہ ٹک رہا جاوے
گئی نظرون سے وہ کمر باریک ۔ ہو نہ آنکہون مین کیون جہان تاریک
اور کیا دل نہ دیکہو بات آوے ۔ کہین یارب شتاب ہات آوے
نازکی اس میان کی کیا کہیے ۔ نہ تو ہاتہون مین لیے رہیے
ٹک اگر لچکے تو قیامت ہے ۔ پہر قیامت تلک ندامت ہے
کیون پڑی ران پر نظر تا ساق ۔ اوس بن اب زندگی ہوئی ہے شاق
پائے جانان سے گفتگو ہے اب ۔ خاک مین ملنے کا یہی ہے ڈہب
وہ قدم کاش فرق سر پر ہو ۔ ساق سیمین مرے کمر پر ہو
وہ کف پا قریب ہو میرے ۔ ٹہوکر اوسکی نصیب ہو میرے

ایک دن فرش پر تھا میرا ہاتھ — باتین کرتے تھے وے بھی میرے ساتھ
پانون سے ایک انگلی مل ڈالی — لطف سے درد وہ نہ تھا خالی
درد سے کی جو مین نے بیتابی — دست نازک سے دیر تک داب‍ی
یاد آتے ہین ایسے لطف جواب — گذرے ہے جان غم زدہ پہ غضب
تن بدن دیکھ جی نہ رہتا تھا — مین جو گستاخ ہو کے کہتا تھا
کہ یہ جا گہہ تم اس فقیر کو دو — متبسم ہو کے کہتے وے یہ لو
یہ بھی کیا کیا خیال رکھتے ہین — آرزوے محال رکھتے ہین
پھر گھڑی بھر مین کہتے ہو نہ ملول — یار کہانی کی باتین سب ہین قبول
جب سلوک ان کا یاد آتا ہے — کیا کہون جی سے بھول جاتا ہے

معاملۂ چہارم

ایک دن پان وے چباتے تھے — سرخ لب اونکے مجھکو بھاتے تھے
کہہ اوٹھا مین کہ یہ اوگال مجھے — منہ سے دو تو کرو نہال مجھے
بولی یو نہین ہے مین کہاں سچ — جھوٹا کھاتے ہین ہیٹھے کر لالچ
ہنسکے او سوقت مجھکو ٹال دیا — پھر اسی رنگ سے اوگال دیا
ایسی صد رنگ مہربانی تھی — تب سیہ رو کی زندگانی تھی

۶۰۴

صورت اونکی خیال مین ہردم | خواب مین جو ہون وہ مزہ باہم
مین تو بستر پہ دل شکستہ اوداس | چاند سا منہ انہون کا تکیے پاس
مین بچھونے پہ بیخود و بیخواب | ایک پیکر پری کا سا ہمخواب
فرش پر پانو غبار آلودہ | انھین وے دونون پانو نگار آلود
مین تو افتادہ جو عجز و نیاز | بازو میر کسو کی بالش ناز
جلتی آنکھون سے گل رخسار | جسپہ کچھ بکھرے موے عنبر بار
پاس منہ کے وہ لال تر نازک | دست گستاخ پر کمر نازک
فرش اس گلبدن سی سب بو یا | پہول مین نے بچھائے تھے گویا
شب گئے صورت خیالی سے | دن کو ہون مین شکستہ حالی سے
گرچہ روزانہ بھی تصور تھا | لیکن اندوہ سے مکدر تھا
کہین تصویر سے نظر آئی | کہین منہ پہیر جیسے شرمائی
کبھی دل ان کے روبرو مین رہے | کبھی ملنے کی آرزو مین رہے
صورت حال اور کچھ ہردم | گاہ لب خشک گاہ مژگان نم
مین بھی مقدور تک وفا کی ہے | جان غمناک پر جفا کی ہے
برسون تک مین پہرا ہون سرگردان | روز و شب دونو تھے مجھے یکسان

جو پڑھے گا سنگ نامہ یان | ہو گی ساری حقیقت اسپہ عیان
یان نہ تفصیل کرنے کا تھا مقام | کہ محبت سے یان ہے حرف کلام

معاملہ ہفتم

بارے کچھ بڑھ گیا ہمارا ربط | ہو سکا پھر نہ دو طرف سے ضبط
تب ہوا بیچ سے یہ رفع حجاب | جب بدن مین رہی نہ مطلق تاب
ایک دن ہم وے متصل بیٹھے | اپنے دل خواہ دونون مل بیٹھے
شوق کا سب کہا قبول ہوا | یعنی مقصود دل حصول ہوا
واسطے جسکے تھا مین آوارہ | ہاتھ آئی مرے وہ مہپارہ
گھر گئے دست وے ہم آغوشی | ہمسری ہمکناری ہمدوشی
چند روز اسطرح رہی صحبت | پیار اخلاص رابطہ الفت
کچھ کہون جو انہون کی ہو تقصیر | نارسائی تھی طالعون کی سیر
ہو گئے بخت اسنے برگشتہ | پھر گیا آسمان انسے سرگشتہ
بات ایسی ہے اتفاق پڑے | کچھ ہوئی اس پہ فرقت آن کھڑی
لگی کہنے کہ مصلحت ہے یہہ | کتنے روز ون جدا تو مجھسے رہ
یون ہی آتا ہے عشق سے درپیش | کہ نشان پاہون الفت کیش

لطف سبزہ وال حال پر ہر آن	تازہ ہر دم مروت و احسان
لب سے جان بخش حرف سے دلجو	لطف سے پوچھتا کہ خوش ہی تو
یاد کر رووں اونکی کونسی بات	کسطرح کاٹوں ہجر کی اوقات
ملنا اون سے سبھی ہو گئے غم بھی	آئے جیتیوں مین جانیے ہم بھی
مدت ہجر اگر تمام ہوئی	ورنہ اپنی تو صبح شام ہوئی

تمام شد مسمی بہ معاملات

مثنویات اژدر نامہ

یہ موذی کئے تا جہر دار فن	نئی ناگنین جنکی ٹہسکون پہ یہن
نہین جانتی ہو نہین مار سیاہ	زمانہ ہے آتش کا میری نگاہ
نفس ہے مرا فنی پیچدار	گیا جس سے خصم قوی من کو مار
جدہر ہر نظر دیکھون لگجا ہی آگ	دم دم کشی لب پہ کہیہ لین ہین ناگ
جہان مین ہون وہ جا ہی پر شر و شور	عصا سے چلے راہ وان مار مور
مری آنکھہ سے زہر ٹپکا کیا	جلا آگے میرے کبھو کب دیا
سُن اس ماجرا کو سبھون نے کہا	کہان کینچوے یہ کہان اژدہا
یہ خصمی مری اژدہون سی ہوئی	طرف مجھسے ہو چونک کیا ادھوئی

پہونچتا تہا گردون تلک شور و شر
رہا کرتی کو سون تلک اوسکی دہوم
ہوئے ساکنان بیابان تنگ
گئے جان لیے وحوش و طیور
گئی لومڑی ایک سوکہی ہوئی
گلی مین جو پائی گئی اوسکے لب
خراطین و خرموش و موش و شغال
روان ساتہہ اوسکے شبانہ ہوئے
رعونت سے مینڈک اوچہلتے چلے
قریب اوس بیابان کے جسدم گئی
قضارا وہ آفت تہی سرگرم سیر
اوس آشوب سے دست و پا گم کیے
رہا اوڑر کے خرموش سا پہلوان
وہ گرگٹ کہ جسکو تہی گردن کشی
قدم غوک سے گرد کا جل گیا

ہوا اصاف ہوتے نہ وو دو پہسر
نہ اوس راہ آتا کوئی جز سموم
اوسٹے کوہ و وادی سے شیر و پلنگ
کوئی رہ گیا موش و مینڈہک سا وہ
کسوا اور جنگل مین بہو کہو ہوئے
ہوئی وان کی اعیان گرم غضب
اوس اژدر کو کر جنس اپنی خیال
گئی گرگٹ آگے روانہ ہوئے
بلون مین سے چوہے نکلتے چلے
اونہون مین آگے بہت گم گئے
چلے آتے تہے بہاگتے وحش و طیر
فراموش سب نے سر و دم کیے
ہوا مضطرب کچہوئے سا جوان
ہوئی خوف سے اوسپہ طاری غشی
مہر و سا تہا گیدڑ رہے سو ٹل گیا

مثنوی مسمی بہ تنبیہ الجہال

صحبتین جب تھین تو یہ فن شریف — کسب کرتے جنکی طبعین تھین لطیف
تھے ممیز درمیان انصاف تھا — خار و خس سے کیا یہ عرصہ صاف تھا
دخل اس فن مین تھا اجلاف کو — کیا بتاتے تھے یہی سو اشراف کو
تھے جو اس ایام مین استاد فن — ناکسون سے وے نکرتے تھے سخن
پھر حصول اس سے نہ دنیا نہ دین — کوئی حاجت اوس سے وابستہ نہین
گرچہ یار اوس کارخانے مین نہو — ٹوٹے جوتے کو کہان لیکر پھرو
یار ناچار اوس سے گنے جانا پڑے — کوڑیان دے جوتی گٹھوانا پڑے
حاجت اس فرقے سے یان مطلق نہین — جو نہو شاعر تو کچھ نقصان نہین
ہے تو دنیا مین ہر اس فن کو کمال — دین کا اس فرقے کے پوچھو نہ حال
کذب ہو جس جا ہے رونق بخش شمع — وانکی دینداری رکھو اور دلکو جمع
جھوٹ آوے اسقدر جب درمیان — کو یقین ایمان کیسا دین کہان
ہم تلک تھی بھی وہی رسم قدیم — یعنی جنکی ہوتے تھے ذہن سلیم
پیار کرتے تھے او نہین استاد فن — اونکی ہوتی رہبر راہ سخن

جوکہ خود سر رکہتے استادون عائے ... انکے مین ہرگز نہوتا اعتبار
زندگی بلکہ انہون پہ شاق تھی ... ہاتہہ گر لگ جاتی نہی شلاق تھی

حکایت

ستایق فن تہا وزیر اصفہان ... ایک دن آیا ہلالی اوسکے یان
حاجیان ورسے ہوآ گاہ کار ... کی اشارت تا اسی دین گہر مین بار
عزت وتعظیم کی حد سے زیاد ... پاس لے مسند پہ بیٹہا شاد شاد
اون نے کہینچی اسکی مرزائی بہت ... بیٹہے بیٹہے رات جب آئی بہت
شعر کی تقریب لا کر درمیان ... کرنے لاگا شاعری کا امتحان
شعرخوانی کی پڑہا سو تہا غلط ... سنتے ہی بہڑکا وہ شعلہ کی نمط
غصے ہو بولا کہ یان فراش و چوب ... کہنیچ لا میدان مین کی شلاق خوب
اسقدر مارا کہ بیدم ہوگیا ... سوج دست و پا ہر اک تہم ہوگیا
کہنیچ کر ڈلوا دیا در بار زمین ... یہ خبر پہونچی جو ہر بار زمین
وارث اوسکی لیگئے آرات کو ... جب بخود آیا تو پایا بات کو
یعنی وستور زبان دشمن نہ تہا ... یا وہ کچہہ ناآشنائی فن نہ تہا
غالبًا پایا غلط اشعار کو ... خوش نہ آیا اوس کرم کردار کو

جو نے سو خودسری سے باز آئی — تربیت ہونیکو استادونکی جاے

ورنہ کرتا پوچ گوئی ہر دبنگ — رفتہ رفتہ شاعری ہوجاتی ننگ

تب جو مین شلاق کی یہ خام تہا — اب جو آیا لایق انعام تہا

قصہ کوتہ تہی تمیز درمیان — ننگ ہے کرم مزابل یہ بہی یان

بے تمیزی سے ہے رایج ابتری — جسکو دیکہو خودنمائی خودسری

نے بیان کا ہے سلیقہ نے زبان — اسپہ ہے ہر ایک سحبان بیان

بس تکلم وقت زبان بازی نہین — چپ کہ دوران سخن سازی نہین

کون حرف خوب کو کرتا ہی گوش — بات کی فہمید کا ہے کسکو ہوش

بے تمیزون سے بہرا ہی سب جہان — ہے دماغ حرف ہمکو بہی کہان

تمام شد

مثنوی در ہجو نااہل مسمی بزبان زد عالم

سنیو اے اہل سخن بعد از سلام — چہیڑتا ہے مجہکو ایک تخم حرام

یہ نہین مرغی کا گرم طیر سے — وہم مین شہباز کا ہم سیر ہے

کام مجکو کچہہ نہین ہے اور سے — بلکہ اس بہی طرز سے اسطور سے

کسب جو کرتے تھے یہ فن شریف
اونمین سے کوئی نہ تھا میرا حریف

کتنے اک نومشق تھے گرم سخن
سو بچارے آپہی ناآگاہ فن

مدعی میرا ہوا یہ بے ہنر
مردہ صد سالہ سا بے نور تر

کاسہ لیس مایۂ خبث و حسود
قلیۂ زہ روز سے بھی بدنمود

آتے اچھا ہی جو اوسکو روک دو
ورنہ منہ دیکھو تو وہ ہین اوک دو

باپ اوسکا سخت نادان نادرست
کوڑہ ہو کی سی گندی بلی فاق دست

ایک جا آیا شتر قد گہر گیا
وان شتر غمزہ سا جب کر گیا

رہ گیا مین پی کے لوہو کا سا گھونٹ
یعنی دیکھون بیٹھے ہے کس کل یہ اونٹ

اس تحمل پر نکی مطلق نظر
خار پہلو کا ہوا ہر جا پہ جسر

جب لگا ہے ناچنے مستی سی خوب
تب لیا مین نے قلم کی زیر چوب

مستی اسکی ساری اب جہڑ جائیگی
دہوم ساری گلیو نمین پڑ جائیگی

جب بڑون سی مارنا ہموار کہائین
کج خرامی سے تب اپنی باز آئین

راہ سیدہا ہو کی چلنا ہے بلے
اونٹ جب آیا پہاڑو نکی تلے

اونٹکی خلقت پہ ہے قدرت کو ناز
اسکی خلقت کم ہے کیا اے بد نیاز

ہیئت اسکی مضحکہ ہے سوانگ ہے
جیسے اوج بن عنق کی ٹانگ ہے

چیں قلم اب ہے ارادہ جنگ کا — پاس کبتک کیجیے نام و ننگ کا

یان زبردستون کو دعوی کہا گیا — یہ چھپا رستم کہان سے آگیا

تا قیامت فہم کو دعوے بڑھا — ہوکے تنکا سا پہاڑون سے اوڑا

ہاتہی کی ٹکر کو ہاتہی ہی اوٹھائے — چیونٹی کا کیا جگر جو منہ پہ آئے

جنگ ہاتہی کی ہو گو اوسکو ہوس — پر اوسی ہی موت کا ریلا ہی بس

ایک دہکے مین کہان وہ کا منی — پونی کی سی ہے اوسکی فضا منی

مین نے پاس اوسکا کیا حد سے زیاد — پر کمی کرتا ہے یہ اپنا زیاد

قبلہ سکتے کہتے حاجی ہو گیا — پاس ظاہر چھوڑ پاجی ہو گیا

رشک شہرت سے مری مرنے لگا — میری عزت کا حسد کرنے لگا

لگ گئی چپ اوسکو میری شور سے — یہ نہ سمجھا ہے خدا کی اور سے

یہ قبول خاطر لطف سخن — دی ہے کب سبکو خدائی ذو المنن

ایک دو ہی ہوتی ہین خوش طرز و طور — اب چنانچہ میر و مرزا کا ہے زور

خصمی وہ کریں کہ ہو معقول خلق — نے انہون سی جو کہ ہو مقبول خلق

دشمنی تھی اوسکو مجھسے کیا ضرور — حیف ایسی عقل لعنت یہ شعور

ہون نا جو مین پر تو فگن تو ہی یہ کیا — خور کے آگے ذرہ کب ٹھہرا رہا

۶۱۲

جہڑ گیا ہووی دماغ اوس کا تمام / پڑہتے پڑہتے شور سر ہر صبح و شام

وہ حرف جو روسے جا ایک جا ہوا / ایسا الو ناخدا پیدا ہوا

دیکھکر اونکی خرامی بابے سرو / ایک کوترے نے کی تقلید تدرو

کود کر چلنے لگا آخر کو راہ / اپنی بہی رفتار بہولا رو سیاہ

کا شکے ہو دین محذر شیخ و شاب / چہوٹی سا منہ جو بکاری کا ہی باب

بدنمائی اسکی ہے بے ساختہ / کیا ہے یان عیش بچہ انداختہ

دیکھہ اسے یاد آوے قدرت کاملہ / کیا بلا ہے مادہ خوک حاملہ

گرگ گردن خوک جسہ غوک سر / غول صحرائی کا بچہ ہے مگر

چار سکھیان کیکے شاعر ہوگیا / اس فن مشکل کا ماہر ہوگیا

باپ کو ان نے بنا رکہا ہے اوت / ہین کہان ایسے سعادت مند پوت

کم ہوا ہے لگا جو اسکا زور پا / جانتا ہے اسکو پیری کا عصا

کچھہ نہین معلوم اسکو سر کار / تب تو ٹہہرایا ہے اسکو رزوار

اس زنا زادی نے جو لب وا کیا / پہلے ماکا راز ہی رسوا کیا

ایک دن شب کو نہین جلوا دیے / یار ماسے کے باپ کو دکہلا دیے

سہر حقیقی باپ سے جا کر ملا / اس نجاری کا کیا اس سے گلا

ان کمینوں کا گلہ کیا کیجئے ۔ ایسے دس پیدا ہوں گر تو سہیے
کہتے ہیں سرگرم بیباکی ہے یہ ۔ ہوں تو ہوں ناپاک کیا پاکی ہے یہ
لکھیئے اس فرقے کے اب تا چند ذم ۔ خط بناوین ایسا کر بے کف قلم
گرچہ انکو کہتے ہیں آئینہ دار ۔ لیک انکا منہ نہ دیکھیں کاش یار
صاف قینچی پر انہیں چڑہوائیے ۔ گر نہ ہو اسمیں پھر ہو جائیے
جا بجا ہو اس قوم کی کیا شرح حال ۔ آگے ہی آوینگے تقنے ہونگے بال
ایک سفید انکو نہیں جینے کی تک ۔ ہو تو ہیں دشمن یہ کالے بال تک
کیا کہوں کیسے ہیں اونہی یہ لچر ۔ کیجیے اصلاح عاید ہووے شر
کہوپڑیں ایسا سر کہ کردیں پائمال ۔ سید میاں جب سنلیں تب لیں اوکھٹر بال
معتبر انکے جو حجامی ہیں اب ۔ ہند میں وہ تیرہ روشنامی ہیں اب
کوئی لیجائے جو حاجت غسل کی ۔ چلو چلو پانی پر دیتے ہیں جی
نفتیں کرتی ہی گذری اسکو وان ۔ غسل میں فرصت تشہد کی کہان
بیٹھے حجامی خانے میں کیا غسل کر ۔ جیب شاگردوں نے وان رکھی کتر
لیک پھر اجرت کے اوپر جنگ ہر ۔ لات ہی گالی ہی پھر سر جنگ ہے
اوس سقادہ میں گیا تھا اک حریف ۔ اسکی فی الجملہ طبیعت تھی ظریف

ہجو عاقل نام ناکسی کہ سگان او نسی تمام داشت

اک جو بڑ کو رزق کی وسعت سی ہو گئی ‌ ‌ تنگی کی حوصلے نے تو رجعت سی ہو گئی
کتون کی ساتہہ کہانی لگا کتون سے معاش ‌ ‌ چہچڑی کی طرح شام و سحر کتونکی تلاش
پاکیزگی طبع و لطافت وہ برطرف ‌ ‌ کتا بغل مین مارکر لگا پہرنی ہر طرف
دُتکار و کتے کو تو لہو اپنا وہ پیجیے ‌ ‌ ہے اسکی استخوان شکنی کتون کی لیے
یا جہوٹے ہاتہہ کتے کو مارا تہا کبہی ‌ ‌ یا کتون سے چٹاتا ہے اب اپنی منہ کو بہی
کتے ہین پاس کئی ہین جیب و کنار مین ‌ ‌ کئی ہین آستینو نمین کتے ازار مین
آیا جو ایک روز وہ بے تہ چلا ہوا ‌ ‌ کتا ازار اسکی سے نکلا بندہا ہوا
یک سگ گزیدہ کی طرح جہومنے لگا ‌ ‌ پہر کہول اسکی منہ کے تئین چومنے لگا
ایسی بہی ہمنے دیکہی نہین کتونکی بہیر ‌ ‌ گردن مین اپنی ڈالی پہرے روز و شب بسر
ٹکڑا ہو جسکے ہاتہہ مین یہ اوسکا یار ہے ‌ ‌ جیسے سگ سرای سگ ہر سوار ہے
کتونکی جستجو مین ہوا ور ہاٹ کا ‌ ‌ دہوبی کا کتا ہے کہ نہ گہر کا نہ گہاٹ کا
تہکتا ہے پہر جو کرتی ہوئی دوڑ اور دہاڑ ‌ ‌ لیتا ہے بیدماغ ہو لوگونکی کپڑی پہاڑ
جو بڑ یون پہ لڑتا رہا ہو بسان سگ ‌ ‌ ہو آدمیت اسکو بہلا کس مقام تک

جسکو خدا خراب کرے پہروہ کیا کرے
کیونکر زبان نکالے نہ جون سگ پہرا کرے

آواز دیوے کتون کو توڑی پہ اپنی جان
مرجاے گا یہ بہونکتے ہی بہونکتے نذان

ہے بسکہ سگ پرست مریگا جو یہ دنی
توشے مین اسکی ہوگا نہ کچہہ غیر سگ گنی

کتون کی پیچہے پہرتا ہے گلیون مین ہو کے خوار
یہ سب ہے اس لیے کہ ہر اک جاے شور ہو

اس وضع ساختہ کی ہون احمق فریفتہ
بہرہ ہے جسکو عقل سے وہ کیون ہو شیفتہ

ہے اسطرح کی معرکہ گیرون سے یہ جہان
بہتیرے ایسے کتّے نچاتی پہرے ہین یہان

مثنوی در ہجو خانہ خود کہ بسبب شدت باران خراب شدہ بود

جسم خاکی مین جسطرح جان ہے
اسطرح خانہ ہم پہ زندان ہے

ظلمتین اسکی سب پہ روشن ہین
زندہ در گور ہم کیے تن ہین

ہے جو سرکوب اک بڑی دیوار
وان سے جہان کو تو ہے اندہیرا غار

بخت بد دیکہہ ساری پرنالے
اسکے معمار نے ادہر ڈالے

اب جو آیا ہے موسم برسات
دلکو ہے اپنی یان اندہیری رات

صحن مین آب نیزہ بالا ہے
کوچہ موج ہی کہ نالا ہے

سینہ مین گہر کے پانچ چہہ چہپیر
ہم غریبون کے ہوتی ہین سر پہ

مثنوی در تعریف برسات و گریہ

موج خشتی ستون مین پیٹھے
جان غمناک خون مین بیٹھے

لے گیا پیچ وتاب پانی کا
کوٹھری تھی حباب پانی کا

یون ڈھہا گھر کہ بار خاطر تھا
آہ کسکا غبار خاطر تھا

اکھڑے وہلیز سب ہنڈیر گری
لہر پانی کی جھاڑ وتھی پھر سے

ساری بنیاد پانی نے کاٹی
اینٹ کے گھر کو کر دیا ماٹی

جھک گئے سب ستون در بیٹھا
وہی چھپر کھڑا ہے گھر بیٹھا

جب اجاڑی ہوا کی چھت ٹھہری
ہم سبھو نین یہ مصلحت ٹھہری

آؤ اب چھوڑ کر یہ گھر نکلین
کسو ٹھٹی پہ بیٹھ کر نکلین +

ڈوبکے مرنے سے ڈوب مرنا خوب
ہے کنارا یہان سے مرنا خوب

سنکے ہر یک کے جی مین ڈر آیا
خاطرون مین یہ حرف ٹھہرایا

گٹھری کپڑون کی مین اٹھائی تھی
سر پہ بھائی کے چارپائی تھی

بوجھ کپڑون کا جنے باندہا تھا
اسکا سارا انگار کاندہا تھا

ساتھ کوئی چراغ لے نکلا
کوئی سر پر اجاغ لے نکلا

پچھاج کی کرکے کوئی اوٹ چلا
مینہ کے مارے کوئی لوٹ چلا

منہ پہ چلنے کو ایک نے رو یا
ایک نے سر کے کا کیا کھو یا

٦١٨

گھونس جب فکر ہی مین مرتی ہو ۔ موش دشتی پہ کیا گذرتی ہو
کوئی چھچھوندر جو بستی مین یان ہے ۔ سو وہ بوہون کی مرثیہ خوان ہے
ایک دن گھر مین ایک گھونس آئی ۔ اپنے پاؤن اجل لسے لائی
گھونس کیسی تباؤن غیرت سوس ۔ طاق ہے جسکے آگے طاقت سوس
یا کوئی مادہ نوک آلستن ۔ یا کسو کچوے کے برادر زن
پہرتی پہرتی جو صحن سے خوشحال ۔ پای دیوار بیٹھے سر کو نکال
کہین ادہر یہ شیر جاتا تہا ۔ پہیر تا منہ پہ پنجے آتا تہا
پڑگئی اسکی اسپہ چشم کبود ۔ نیلا پیلا ہوتا دکھاچون دود
پنجہ جھنجھلا کے ان نے گذرانا ۔ بارے کچھ گھونس نے اسے جانا
پر اسے خوف جان نہ آیا کچھ ۔ غالب آیا نہ اسکا سا یا کچھ
ٹکٹکایا پہر انی جاتا لو ۔ کیونکے تہا یہ تو شیر کا خالو
پہر تو بگڑی ہے دونون اکڑ ۔ چوٹ ہوتی ہے داؤ پایا کر
غصہ خر موش کو بہی آن چڑہا ۔ اتفاق اس جگہہ تہا ایک گڑہا
دونون لڑتے ہوئی گری سمین ۔ کیچ کو گاہتے پہرے اس مین
ناخن اس شیر کا کچھ ایک گڑا ۔ شور محشر گڑہی کے بیچ پڑا

دی ہرن کو بھی جلدی مین بتا　　ہیگا یان سگ لوند کیا گناہ
اڑتی چڑیا انھین نے ماری ہے　　استخوان سگ شکاری ہے
یہ جو غصے مین آوے تو غضب　　اسکے مارے ہوے ہین ہار سب
منہ مین دیتے ہین اسکے جب مشعل　　طرفہ دم لابہ کرتی ہے اچپل
منہ مین اپنے لیے فتیلی سے　　سگ لیلی کی ہے قبیلی سے
باہم اس بلی کتے کا یہ ربط　　کوئی دیکھے ہو وے اٹے ضبط
کبھو جاتا جو ہے یہ کوٹھے پر　　لگی رہتی ہے اسکی چھت سی نظر
اور سی دشمنی جانے سے ہے　　اسکی یہ باولی روانی ہے
دونون شوخی سے مارتے ہین　　سگ و گربہ کی چال رہتے ہین

مثنوی در مذمت برشگال کہ باران درآن سال بسیار شدہ بود

کیا کہون اکی کیسی ہے برسات　　جوش باران سے بہہ گئی ہے بات
بوند تھمتی نہین ہے اکی سال　　چرخ گویا ہے آب پر غربال
وہی یکسان اندھیرا برسے ہے　　آسمان چشم وا کو ترسے ہے

619

بڑھی بوندوں کی چوٹ سے ڈوبے | سنگباران جہان ہو دان مرنے
پڑھتے ہین یار درس حیرانی | آرسی کے بہی گہر مین ہے پانی
آدمی ہین سو کب نکلتے ہین | مردم آبی پہرتے چلتے ہین
کتنے ڈوبے گئے کراں ہین اب | سنگ آبی ہی ہین جہان مین اب
وسعت آب پوچھ مت مجھ یار | کوچے موجون کے ہوگئے بازار
معبد اب سارے گرد آتے ہین | زاہد خشک ڈوبے جاتے ہین
تنا ٹھہرنا برابر ان کے شاق | مسجدون نے کیا ہے استغراق
سینہ تو یاں اب لگی ہی رہتی ہین | سارے عالم کے کام بہتے ہین
غرق ہے چڑیا یا گلہری ہے | خشکی کا جانور بہی بحری ہے
دیدۂ ابر کہ بہہ رہا ہے گا | یک جہان کو ڈبو رہا ہے گا
شعر کی بحر مین بہی ہے پانی | بہتی پہرتی ہے اب غزل خوانی
لائی بار ندگی کی چالاکی | آب خشک گہر پہ تمنا کی
ہے زراعت جو پانی زمارمی | ہوگئی آنجست تر کاری
آب ہے گا جہان سے سر تا سر | خوف سے سوکھتا ہے میوۂ تر
مست ہو ہو گئے ہین مست شراب | غوطے کہاتے پہرین ہین عالم آب

کہینچے باورچیونے کیا کیا ناز | کٹری گئی اوسکی چوترونپہ پیاز
کہانا نکلے پر آوے ہے کیسے | چیل ٹوٹی ہے گوشت پر جیسے
وقت کہانیکے ہاتہہ سے اسکا | قاب پر نان ہے بخیہ کش گویا
کیا وہ دوپیازہ کہا کے ہو تازہ | اک نوالا ہے ٹلّا دوپیازہ
گوشت ہانڈی بہرا ہے خنک مین | ہڈیان گویا تہین اسکی خشک مین
خام طمعی سے اک کورے ہے آہ | دیکہہ کر جسکو نان ہالہ ماہ
نہ ٹلے دیکہہ کر وہ قاب پلاؤ | منہ سے منہ میٹہا گرچہ کہاوے کہاؤ
کہانی پر جب وہ ہی چلاتا ہے | لاٹہی پاٹہی بہی کہا ہی جاتا ہے
نہین پہونچی جو کہانا کہانے لگ | ہڈیون پر لڑے ہے جیسے سگ
ہو کہہ کا باولا جو آتا ہے | لوگون کو کاٹ کاٹ کہاتا ہے
رہیون مین دشمنون سے بہی ہے لئیم | جا ہی گہل مل اگر سنے ہے حلیم
آتش بغرا پہ بار بہی کہاوے | اسمین گو بوعر انکل جاوے
کسی مفلس کے گہر جو جاتا ہے | کچہہ نہین خفتین ہی کہاتا ہے
ہو کہہ سے جب کہ غصے مین آوے | بز کوہی کی طرح جہنجہلاوے
ٹہڈیون کو نکہہ سے کہا جاوے | چنے لوہے کے بہی چبا جاوے

تہی ابہی سو ئیون کی جیسے گئی ۔ مین رہا کہتا کہا گیا وہ ہمیشہ
کہاتا کوئی اور گیا کہی اسکا ۔ سارے منہ دیکہتے رہے اُسکا
جب مرلگیا وہ ہو کہہ کار سے گئے ۔ روح تو شی کی روئی مین ہو گئے
کہانی کی بو جو ناک مین پہنچے ۔ مرگیا ہووے تو بہی اٹہہ بیٹہے
عقل باور اگرچہ کرتے نہین ۔ وہ مری ہو کہہ اسکی مرتی نہین
ہو کہی اسکا جو جی نکل جاوے ۔ گور مین بہی کفن نگل جاوے

مرثیہ خروس کہ در خانۂ فقیر بود

کئی برس سے ہماری کنی تہا ایک خروس ۔ خروس عرش کی اولاد سے ولی افسوس
پہرا جو اُس سے یکایک زمانہ کج باز ۔ قضا نے اسکو کیا ایکبار مرغ انداز
دیا کرے وہ اذان دونون وقت صبح و شام ۔ بجا ہے مرغ مصلی رکہین گر اسکا نام
نہین ہے مرغ چمن مین جہانکو الیاس تاج ۔ برنگ گلہ تاج خروس سر پر تاج
جو بیٹہے جہاز مین پرواز پہ ہی مرغ خیال ۔ کہڑا ہو دہوپ مین تو رشک مرغ زرین بال
کبہو جو صحن مین گہر کے وہ اٹہہ و اُڑ طیار ۔ پہرا ہے کہیں کو ڈالی تو مرغ آتش خوار
نہ تخت مین نہ گستر مین اسکے مدام ۔ ہزر گذاشت کرین مرغ سبز وار تمام

در تعریف آغا رشید که خطاط بود بفرمائش میان اعز الدین که فقیر و خوشنویس بودند

ہیں خطاط یک قلم دیکھے / لیکن آقا سے لوگ کم دیکھے
یعنے عبدالرشید تہا اوستاد / خوشنویسی کی جسنے دی ہے داد
خط کی خوبی کا اسکی اتنک ڈہنگ / صفحۂ روزگار پر ہے رنگ
وہ تصرف کہیں جو کرتا ہے / شکل نقاش رنگ بہرتا ہے
حیرت افزا ہے حسن ہر تحریر / مشقی اسکے ہے قطعۂ تصویر
خط شیرین جو اوسکا پاتے ہین / ہم حلاوت بہت اٹہاتے ہین
لگ گئی ہے قلم تو جادو ہے / مدجہان ہے کسو کی ابرو ہے
سطر لکہتا نہین خفی کے وہ / خط ہے خوبان کی پشت لب کا وہ
ایسا لکہنا کسو کی طاقت ہے / ہے جلے ہے تو ایک بابت ہے
خط مین کیسا ہے کوئی کامل ہو / اسکا کب نقطۂ مقابل ہو
حرف کس کس ادا سے لکہتا ہے / کون ایسے صفا سے لکہتا ہے
ہے الف قامت نکورویان / لام ہے زلف سلسلہ مویان

خوگر اسے ناز پیشگی سے ہے — وہ ہے کہ جسے ہمیشگی سے ہے

ہو عکس پڑا ہے جام مے مین — آتی ہے صدا اسیکی نی مین

ہے جلوہ گری مین یان بصد ناز — وہ مست گزارۂ سر انداز

سو رنگ مین اسکی یاد رکھہ تو — ہر جلوی سے دلکو شاد رکھہ تو

لم مین جو کچہ نمود مین ہے — ہر لحظہ اسی سجود مین ہے

کر یاد اسی کو اور مے پی — جیتا رہے کوئی دن تو خوش جی

اب روے سخن چمن کو کر دے — مینا سے دل اور مے سے بھر دے

آئی ہے بہار مے گساران — پہولی ہین چمن مین گل ہزاران

آئی ہے بہار سو ہر خیابان — ہے لطف ہوا سے گل بدامان

آئی ہے بہار رند کیشان — ہے توبہ بادہ دل پریشان

آئی ہے بہار مرغ گلزار — کرتا ہے نواے سینہ افگار

لایا ہے بزور اسکا نالہ — مجکو بہی بہر لے سیر لالہ

ساقی جو کدورن مین بی ادائی — معذور رکہہ اب بہار آئی

گل بادصبا سے تا کمر ہے — دامان بلند ابر تر ہے

غنچے کی گلابیان بہری ہین — تکلیف سے منتظر دہری ہین

شیخ آئی کو تو میکدے مین آیا
پر ہو گے بہت خراب نکلا

یک جرعہ شراب ہی مین واعظ
ہر مسخرگی کا باب نکلا

تھا غیرت بادہ عکس گل سے
جس جوے چمن سے آب نکلا

ہو صرف شراب کاش ساقی
یہ شیشۂ عمر ہے جو باقی

بے ساغرِ مے خنک ہے جینا
رکھتا ہے شگون شراب پینا

لا بادۂ کہنہ سال تو ہے
سجدہ بھی بابت گرو ہے

دروازۂ میکدہ کھلا ہے
ہر پیر و جوان توا لصلا ہے

اینڈی ہے ہر ایک مست جون تاک
لیتے نہین نام دامن پاک

ہر مغبچہ زیر سر ہے
ہر گوشے مین عالم دگر ہے

مستی نگاہ عقل دشمن
خوبی خرام مرد افگن

کہتے گئے صاحب کرامات
ہم بھی نہین قابل خرابات

جو لوگ کہ اس جگہہ سے اوٹھے
کب حلقہ و خانقہ سے اوٹھے

یان پیتے ہین جام بیخودی کا
ہے دور تمام بیخودی کا

مستی سے ہر ایک صبح صد بار
خورشید کا سر ہے اور دیوار

وہ کام دل سبو بدوشان — یعنی کہ وہ ہے شراب جوشان

وہ موجب دل خوشی کہان ہے — وہ دارو بہیشتی کہان ہے

وہ جسکی طرف کو ہے تہ دل — یعنی وہ ہے شیشہ ماہ منزل

وہ آتش تیز آب آمیز — وہ عسر بدہ جو وہ فتنہ انگیز

وہ مقصد جان ناامیدان — وہ روسپیدی روسفیدان

وہ رونق کارگاہ شیشہ — وہ شوکت بارگاہ شیشہ

وہ جس سے ہی توبہ مو پریشان — وہ جس سے ہو گفتگو پریشان

وہ دامن خشک جس سے جل جاے — ثابت قدم ہون کا پا تو چل جاے

وہ سرخی چشم خوبرویان — اسباب خرابی نکویان

وہ دلبر خود سر و غلامین — وہ رہزن راہ دین و آئین

وہ جس سے غبار دل سے دہو وون — مینا کے گلے سے لگ کے رو دون

مستی کی مجھے بھی خواہشین ہین — اس عقل سے دلکو کاہشین ہین

لا اسکو جو آستین جہاڑون — پہر ہاتھ چلے تو جیب پہاڑون

بیہوش شراب ناب رہیے — یون تابکجا کباب رہیے

ہے مستی بیخودی ضروری — کہل جاے مقام بے شعوری

مثنوی مسمی بجوش عشق

ضبط کرون مین کب تک آه اب
چل اے خامے بسم اللہ اب

کر چکا دل کا راز نہانی
ثبت جریدۂ میری زبانی

یعنی میر ایک خستہ غم تہا
سر تا پا اندوه و الم تہا

آنکہہ لڑی اوسکی اک جاگہہ
بیخود ہو گئی جان آگہہ

صبر نے چاہی دل سی رخصت
تاب نے ڈہونڈہی ایکدم فرصت

تاب و توان شکیب و تحمل
رخصت اوسے ہو گئی بالکل

سینہ فگاری سامنے آئی
بیتابی نے طاقت پائی

گہرتے آئے داغ سیاہی
کام جگر کا کرنی تباہی

خون جگر ہو بہنے لاگا
پلکون ہی پہ رہنے لاگا

خواب و خورش کا نام نہ آیا
ایک گہڑی آرام نہ آیا

چاک جگر سے محبت ٹپکی
آنسو کی جاگہہ حسرت ٹپکی

سوز سے چہاتی تا با گویا
اور پلک خونفابہ گویا

آه سے اوسکی مشکل جینا
درد فقط تہا سارا سینا

جدول جاری چاک گریبان ۔ | گوشہ دامن وقف مژگان
دیدۂ تر کے دریا قابل | ساحل خشک لبی کے سائل
ہر دم ہو ہر سمت کو جاری | خون باری سے سیل بہاری
تشنہ لبی اک منہ پہ پیدا | لب جس جسکا ہووے نہ دریا
خاک بسر آشفتہ سری سے | شور قیامت نوحہ گری سے
سر تا پا آشفتہ دماغی | داغ جنون دے جسکو چراغی
غمسے گرچہ دم بھی کہین تھا | جامے مین اک تار نہین تھا
وادے پر جب اپنے آوے | صحرا صحرا خاک اڑاوے
کلفت دل جب خاک فشان ہو | اشک کی جا گہہ ریگ روان ہو
گل اون نے از بسکہ کھائے | پہولونکی چھڑیان ہاتھہ آئے
دل کے غبار نے راہ جو پائی | شہر مین گویا آندہی آئی
سر پہ اوسکے سنگ ہمیشہ | جی پہ عرصہ تنگ ہمیشہ
آہ سرد کرے وہ عریان | بید سا کانپے موی پریشان
گرد کے نہ اوسکا پیراہن | دامن صحرا جس کا دامن
یار دامن تار گریبان | دامن قرب جوار گریبان

سنے کچھ نے دیکھے کے قابل	عجب اوسکا سیر کے قابل
کیا کہیے کیسا کچھ تھا	القصہ وہ ایسا کچھ تھا

در صفت دلبری کہ با علاقہ دل بود

وہ کیا تھا جسپر عاشق	جی سے تھا یہ عاشق صادق
دیدہ گل مین جا گہہ اوسکی	نکہت گل گرد رہ اوسکی
چشم پہ سارا چمن اوسکا	نقش قدم تھا یاسمن اسکا
آگے اوسکے کبھو نہ خوش آیا	یہ رو گل نے کہان سے پایا
گل آشفتہ اوسکے رو کا	سنبل اک زنجیری مو کا
جب وہ چہرہ تابندہ ہو	ماہ دو ہفتہ شرمندہ ہو
زلف اوس چہرے پر تابندہ	کاکل صبح سے خوش آیندہ
دیکھہ اوس رخ کی نور افشانی	شمع مجلس ہانی ہانی
ہو ہر چند یہ بدر کامل	اس چہرے کی ہو مقابل
حوصلہ کتنا اسکے پتہ کا	منہ دیکھو آئینہ مہ کا
رکھتی تھی دعوے چشمی پر	لیکن اسکے چشم نظر کر

چشم کرشمہ جان تغافل — شایان اوسکی شان تغافل
کیا جانے وہ حال کسو کا — پتھر دل اوس آئینہ رو کا
پاتے ہی ابرو کا اشارا — غمزے نے اک خنجر مارا
جب وہ خرام ناز کرے ہے — جیکو جو رنیاز کرے ہے
رخصت دی گر عشوہ گری کو — ایک ہی جلوہ بس ہے پری کو
ہنسنے مین وہ صفائی دندان — برق خرمن عالم امکان
رشک سحر کو صافی تن پر — خون صراحی اوس گردن پر
آہ صفائی اوس سینے کی — غیرت افزا آئینے کی
شکل چین مین یہ ناز کہان ہے — صورت ہے انداز کہان ہے
ایسا خوب جہان مین کہین ہے — رحم ہے اسپر اب جو نہین ہے
جب وہ شکل نظر آتی تھی — کلفت دل کی نکل جاتی تھی
رنگین اوسکی اوس کف پا کو — جائین نکویان اپنی جا سے
چشم کرو انصاف سے گردا — یوسف و شیرین لیلی عذرا
کون ہوا اس محبوبی سے — خوبی تو تھی پر اس خوبی سے
بار نزاکت کیونکی اوٹھاوے — شاخ گل سا لہکا جاوے

رخصت کواس پاس بہی آیا
جلنے کے تئین اور جلا یا

وقت وداع قیامت گزرا
سر سے آب حسرت گزرا

ایک دم بیخود ہوکے رہا وہ
اوس سے آگے آپ گیا وہ

آنکھین لگین ناسور ہو بہنے
دیکھکر اوسکو لگا یہ کہنے

ظلم ہے لوہو پیتے رہیے
جان گئے پر جیتے رہیے

عمر عزیز چلی یون جاوے
اور فلک آنکھون سے دکھاوے

آخر کرکے خدا کے حوالا
آئینے پر پانی ڈالا

تاکے وہ منہ دکھلاوے شتابی
راہ دور سے آوے شتابی

یار گئے پر میر جواب ہے
جان سے خالی اک قالب ہے

راقم غم ہے وہ دل تفتہ
نام برا اوسکا رنگ رفتہ

غم سے فرصت اوسکو کہان ہے
قاصد اشک ہمیشہ روان ہے

خط لکھتا ہے اس مضمون سے
تر ہو بال کبوتر خون سے

خط سے اک آتش پر ہووے
جس سے کباب کبوتر ہووے

جب درد دل اون نے لکھا ہے
شعلہ خط مین بیٹھ دیا ہے

٦٣١

مثنوی باعجاز عشق

ثنائے جہان آفرین ہے محال
زبان اسمین جنبش کرے کیا مجال

کماہت اوسکے ہین سب پر عیان
کرے کوئی حمد اوسکی سو کیا بیان

کہان کویا ہین اوسکی صفات کمال
کہ ہے عقل کل یان پریشان خیال

خرد کنہ مین اوسکی حیران ہے
کہان یان پریشان پشیمان ہے

زمین و فلک سب ہین اوسکی حضور
مہ و خور ہین اوس ہی کی لبریز نور

یہ صنعت گری اوس ہی صانع سے ہے
کف خاک کو آدمی کرد کہاے

نہ آوے کسیکی جو ادراک مین
سو رکھہ جاے وہ اوس کف خاک مین

کرے ہیگا تمثیل و تشبیہ سے
منزہ ہے وہ بلکہ تنزیہ سے

وہی حاصل مزرع آسمان
گئے اونچے دانے مین خرمن نہان

سفید و سیہ کو نہین اوسکی بار
دری ہے زبانی کی لیل و نہار

در توحید انشا طراز حسنی کہ
فقرہ یکتا ے او بعالم دویدہ

[illegible]

کرون اسکی قربت کا کیا مین بیان | کہ تہا قاب قوسین ادنا مکان
مرا زیر پا اسکے فرق نیاز | کیا جسکی خلقت پہ صانع نے ناز
بصورت اگر عبد مشہود ہے | حقیقت کو پوچھو تو معبود ہے

نہین پا شکستون کا اب دستگیر
محمد ہین اور آل ہین اوسکے میر

گنہگار ہون چشم یک اس سے ہے | توقع شفاعت کی ایک اس سے ہے
درود آل پر اسکے ہر صبح و شام | وہ ہی شافع حشر خیر الانام
پلا ساقیا بادۂ لعل گون | کہ ہو جائین سرخ آنکھین مانند خون
ہے اب حرف مستانہ کا دل مین جوش | کرا دیدۂ گوش گرچہ بے ہوش

مناجات بطور عاشقان اور دربلاے جدائی گرفتار

مرا زخم یارب نمایان رہے | پس از مرگ صد سال خندان رہے
رہی دشمنی جیب سے چاک کو | صبا دوست رکھے مری خاک کو
مژہ اشک خونین سے سازش کرے | غم دل ہی مجہپر نوازش کرے

۶۳۳

اڑو نہین تو مرنے کو طیار ہو
بیابان نہین آشفتہ حالی کرون
کہین تو دل پر کو خالی کرون
کرین دونون عالم ملامت مجھے
ڈبو دیوے اشک ندامت مجھے
مرا ہاتھ ہو چاک کا دستیار
کہ تا جیب و دامن ہون قرب جوار

[illegible]

[illegible]

در تعریف عشق خانمان آباد آزادگان برنا نہاد

زہے عشق نیرنگ سازی تری
کہ ہے کھیلنا جی پہ بازی تری

تجھی سے ہے آب رخ زرد زرد
تجھی سے مرے دل مین اٹھتا ہی درد

تجھے ربط کفار و دیندار سے
تجھے رشتہ تسبیح و زنار سے

تجھی سے ہے بلبل کو نوحہ گری
تجھی پر ہے قمری بہی خاکستری

ترا جذب دریا کو بہنے نہ دے
ترا شور صحرا کو رہنے نہ دے

تجھی سے ہے دل شاد غمناک سے
تجھی سے مرا سینہ صد چاک ہے

تمنا کو تونے کیا ہے شہید
تجھی سے نہ بر آئی میری امید

تجھی سے ہے مجنون صحرا نورد
تجھی سے ہے فرہاد کوہون پہ مرد

تجھی سے نگاہ مہر ہے خستگی
تجھی سے ہے وابستہ دل بستگی

تجھی سے دل عاشقان ہے کباب
تجھی سے ہے پروانہ آتش کا باب

ترا کام دیتا ہے بدنامیان
تری رہ کہ ہر دیکھے ہین ناکامیان

تجھی سے سراسیمہ ہین یار لوگ
تری کاٹ تیغ سے قیمہ ہین یار لوگ

تجھی مین ہین یہ کار پردازیان
تجھی پر ہین موقوف جانبازیان

رباعی در درویش جگر ریش
کہ این بلا در سر آمد

کسو معتبر سے روایت ہے اک
کہ درویش سے یہ حکایت ہے اک

۶۳۴ [illegible]

[illegible]

اسکے سے مقدور تک سب کہین | سدا اسکا منہ دیکہتے ہی رہین

وہ اک دودمان کا تہا روشن چراغ | جلاتے تہے سارے اسے پر داغ

ولے اسکے دلمین اک آتش نہان | کہ دیکہے جلا اس سے سارا جہان

سب آرام چاہین اسے اضطرار | سراپا تلک ایک دل بیقرار

نہ کچہہ ہوش گہر جانے کا اسکو تہا | تشتت نہ مر جانے کا اسکو تہا

نہ طاقت تہی تن مین کچہہ جی مین تاب | نہ دل پاس نے صبر و آرام و خواب

سر راہ دل قیمہ قیمہ لیے | یہ کہتا تہا مر جائے بس جیے

سن اس نوگل عشق کی بیکلی | رہا کرتی ماتم سرا وہ گلی

دل و صبر و ہوش و توان و حواس | رہین اسکی وحشت سے سارے اداس

نہ ناموس کا ننگ نے نام کا | مرا دوست و دشمن تہا آرام کا

شب و روز فریاد کرنا اسے | کئی بار اک دم مین مرنا اسے

تماشے کا دیوانہ پیدا ہوا | زمانے کو چندے تماشا ہوا

جو دم بے طپش تو شتابی کرے | تسلی دل کی خرابی کرے

کرے طرح داغون سے وہ باغ کو | روانی اسی سے رزر داغ کو

دل غمزدہ سے محبت اسے | قیامت خوشی سے عداوت اسے

۶۳۵

کہلا چاہتا ہے گل راز عشق

رفتن درویش پیش انجوان بہ فتہ از خویش و دلدہی کردن و پیش از بیش

زن و مرد کی ہون زبانسے یہ تنگ | ہوا ہون میں سارے قبیلے سے تنگ
سراخون دلمین طپیدہ ہون مین | کہ آہ بلب نارسیدہ ہون مین
تری دوری مین ہوچکا ہے ای حبیب | وداع دم واپسین بھی قریب
جگر تو ہو پانی سا غم کے بیچ | یہ دم بھی ہوا ہی کوئی دم کی بیچ
سمجھنا یہ بھی ای مرے سر پہ خاک | کسی نیدپر مین ہوا ہون ہلاک
تو جب سے در او پر نظر آ گئی | رہین آنکھیں میری سر پہ نئی
نہ نامہ نہ پیغام نے رسم و راہ | یونہیں ہوتی جاتی ہی حالت تباہ
دل و دیدہ سب مدعی ہوگئے | تماشائی مجھ پہ بہت رو گئے
گئی بار جان لب پر آ پھر گئی | کہاں ہی تو ای گل ہوا پھر گئی
یہ حیران ہون صبر آتا نہیں | تصور ترا جی سے جاتا نہیں
خراشِ جگر سے ہے چھاتی مین درد | کہ جیسے ہوا جا ہی ہے رنگ زرد
رہا کرتی ہے داد بیدادیان | دل شب سے گذری ہی فریادیان
سر رہ تک آ دیکھ یہ خستہ حال | کہ ہے نقش پا کی طرح پایمال
ترے دور غم مین تو جون کہیا | سنا ہی کیا نام مہر و وفا
نہ آیا نظر سے ادا سے ولیک | نہ اتنا کہ جاتا رہا جی سے ایک

ترا درد پنہان سے ہے گو آشکار | پر اب مجھسے بیان کر کہون راز دار
کہین دل لگا ہو تو یہ مجھسے کہہ | کہون اس سے جا کر غمین تو نرہ
جہان کو تو بھیجے وہان جاؤنگی مین | کہے کام جو تو بجا لاؤن مین
جو حورِ بہشتی بھی ہو تیری یار | کرون مین ملک کی طرح وان گذار
خدا جانے کیا جی مین بات آگئی | کہ میری ہی دلجوئی جی بہا گئی
یہ سنکر جوانِ زخود رفتہ نے | جگر سوختہ اور دل تفتہ نے
کیا سوزِ دل کو لبون پر نمود | زبان تاب کہانے لگی جیسے دود
سخن ہونے لاگے نمودار جیسے | لگا کرنے پیچیدہ گفتار جیسے
کہ جس سے یہ معنی ہوئے مستفاد | کہ اے غمگسارِ دلِ نامراد
جو دلجوئی میری ہے مد نظر | تو یان ایک محلہ ہے ٹک قصد کر
نہین اوسکو درکار کچھ جستجو | سرا ایک ترسا کی ہے قبلہ رو
زبانی مری ورنہ یہ جا کے کہہ | کہ احوال سے میرے غافل نرہ
ترے واسطے خوب رسوا ہوا | مرے سر پہ ہنگامہ برپا ہوا
تسلی شکیبائی مطلق نہین | پر اب تاب تنہائی مطلق نہین
رہی جب تلک تن مین تاب و توان | اٹھایا تحمل کا بارِ گران

اگر جلوہ گر ہو وہ محشر خرام
تو معلوم ہے یہ جہان کا قیام

نگہ دار تھی سرخیِ چشم کی ۔ طرفدار تھی اپنے ہی خشم کی
شہید اسکی چشمک کی دلخستگان ۔ نشانے نگاہونکے دل بستگان
مژہ موجب قتل جمع کثیر ۔ غرض سب تھے یہ ایک ترکش کے تیر
چھپین اسکے غمزے مین کتنی سنان ۔ نمایان ہوئی سب پہ مرگ جہان
جبین کھول دی اس پریزاد نے ۔ کہ چین بانیِ خوبان نوشاد نے
روان اس شب افروز سے رشک شمع ۔ نہین ہے ہی روشن کہ تھی رشک شمع
وہ مردون کو زندہ دوبارا کرے ۔ مسیحا جہان سے کنارا کرے
پری منفعل رنگ رخسار سے ۔ خجل کبک انداز رفتار سے
خضر تشنہ اسکے ہے دیدار کا ۔ مسیحا شہید اسکے بیمار کا
سوا اسکی باتون کی سب باتین ہین ۔ جسے سنکے مردی بھی جی جاتی ہین
غرض اور سب یونہین کہنے کو ہین ۔ مسیحا کی لب یونہین کہنے کو ہین
لب سرخ اسکے وہ گلبرگ تر ۔ چھپین جن مین دندان کی سلک گہر
تبسم مین اپنے وہ برق بہار ۔ دم حرف ہوتے گئے آبدار
دہن غنچۂ ناشگفتہ سے کم ۔ سخن رہرو راہ تنگ عدم
تبسم تنگ گر وہ دلکش کرے ۔ تو گلشن مین گل صد چمن غش کرے

٦٣٨

صبا گر اوڑا دے تنگ وانکی خاک / تو نکلی زمین سے ول چاک چاک
کئی نعرہ کش وان کئی نعرہ زن / کئی خون گرفتہ گئے بے کفن
کئی بیوطن وان سفر کر گئے / سسکتے مین کتنے کئی مر گئے
ہر اک جان ہر شخص ناکام کی / ہوا دار اسکے لب بام کی
پہرون گرد ساقی نشے مین ترے / گلابی ہی منہ کو لگا دی مرے
مجھے منت آسا سیہ دیکے کر / چلون جون قلم پھر بھی مطلب اُپر
سنا وہ جگر سوز پیغام جب / کئی آشنا حرف سے لعل لب
پڑھی اک رباعی نہ کر اعتبار / کہ مضمون جسکا یہ موزون ہر بار
کہ ہجر انمین جو بیقراری کرے / سر راہ فریاد و زاری کرے
نہ سوئے درے نالون سے ہمسایہ کو / بھلی مرگ ایسی فرومایہ کو
محبت کی رہ مین یہ پہلا ہو گام / کہ سر سے گذر جائیے شادکام
نہیں شرط الفت مین چین جبین / اگر پیش آوے دم واپسین
جو پھوٹا ہی پڑتا ہون چون آبلہ / وہ سے غم مین واماندہ تھا خلہ
نہ جو ہو سکے ہجر کا پایمال / تو بہتر ہی ہوتا ہے اوسکا وصال
گیا مین جواب اوس سے لیکر ادہر / سر رہ تھا پامال غم وہ جدہر

کوئی رہ گیا تھا پیام جوان ۔ جو تو مہر شتابی سے آیا یہان
بیان کر جو کہنا ہو تجھکو شتاب ۔ کہ ہے منتظر غیرت آفتاب
کہا مین نے ای مہر زن کیا کہون ۔ عزا دار اس نوجوان کا مین ہون
پیام اوسکا لایا تھا مین اس لیے ۔ کہ وہ بے اجل مرتا ہے ٹک جیے
سو یان سے گیا ایسا لیکر جواب ۔ کہ جس سے نکلتا تھا ناز و عتاب
نہ تھی تاب حرف درشت اسکے تئین ۔ کیا غم نے تھا نیم کشت اوسکے تئین
نہ مشغول یون نہین وہ زاری کے تھا ۔ وہ بیتاب بے اختیاری سے تھا
نہ سمجھی یہ رشک پری اسکے تئین ۔ دکھائی دی عشوہ گری اسکے تئین
چڑھا اون نے تیوری اک انداز سے ۔ کہا ہیزہ ہو کے یون ناز سے
کہ جسکو نہو تاب لانے کی تاب ۔ شتابی سے مرتا ہے اوسکا صواب
ہوا سامنے اسکے مین حرف زن ۔ یہ اسکی زبان سے کہا مین سخن
جوان سنتے ہی کر کے اک بار نگاہ ۔ سفر کر گیا جان سے بھر کر آہ
یہی ماجرا کہنے آیا ہون یہان ۔ خبر اوسکے مرنے کی لایا ہون یہان
کہہ اس سے کہ ای کشتۂ غم کی جان ۔ گیا آخر الامر جی سے جوان
یہ کہہ دس قدم وان سے مین تھا چلا ۔ کہ اک شور کانون مین میرے پڑا

کوئی نالہ بلبل سے ہے یادگار
خزان اس چمن مین ہی گل کی بہار

کہین ساقی دے آب گلرنگ کو
کشادہ ہی کر اس دل تنگ کو

گلے لگکے مینا کے ٹک روئیے
فسانہ ہی آخر ہے اب سوئیے

مثنوی مسمی بخواب و خیال

خوشا حال اوسکا جو معدوم ہے
کہ احوال اپنا تو معلوم ہے

رہین جان غمناک کو کاہشین
گئین دل سے نومید سو خواہشین

زمانے نے رکہا مجہے متصل
پراگندہ روزی پراگندہ دل

گئی کب پریشانی روزگار
رہا مین تو ہم طالع زلف یار

وطن مین نہ اک صبح مین شام کے
نہ پہونچے خبر مجھکو آرام کی

اوٹھاتے ہی سر یہ پڑا اتفاق
کہ دشمن ہوئی ساری اہل وفاق

جلاتے تہے مجہ پر جو اپنا دماغ
دکہانے لگے داغ بالای داغ

زمانے نے آوارہ چاہا مجہے
مری بیکسی نے نباہا مجہے

رفیقون سے دیکہی بہت کوتہی
غریبی نے اک عمر کی ہمسری

مجہے یہ زمانہ جدہر لے گیا
غریبانہ چندے بسر لے گیا

بندہا اس طرح آہ بار سفر
کہ نہ زاد رہ کچہہ نہ یار سفر

کبھو کف بلب مست رہتا تہا
کبھو سنگ در دست رہتا تہا
کبھو غرق بحر تحیر رہون
کبھو سر بجیب تفکر رہون
یہ وہم غلط کار یان تک کہینچ
کہ کار جنون آسمان تک کہینچ

کہیں جلوہ پرداز وہ عشوہ ساز
کہیں ایستادہ بصد رنگ ناز

بڑی فکر جان میرے احباب کو | اوڑا دیویں سب گھر کے اسباب کو
ہوئی پاس کوئی تفاوت سی ہو | سراسیمہ کوئی محبت سے ہو
کوئی فرط اندوہ سے گریہ ناک | گریبان کسو کا مرے غم سے چاک
جو دیکھوں تو آنکھوں سے لوہو بہے | نہ دیکھوں تو جی پر قیامت رہے
کہے چشم بندی کو ہار غیر | وہ لے منزل دل میں اس مہ کی سیر
وہی جلوہ ہر آن کے ساتھہ تھا | تصور مرے جان کے ساتھہ تھا
اگر ہوش میں ہوں وگر بیخبر | وہ صورت رہی میری پیش نظر
اسے دیکھوں جیدھر کروں میں نگہہ | وہی ایک صورت ہزاروں جگہہ
نگہہ گردش چشم سے فتنہ ساز | مژہ آفت روزگار دراز
عجب رنگ پر سطح رخسار کا | نگر تھا وہ آئینہ گلزار کا
جو آنکھہ اوسکی ہیبی سے جا کر اڑی | دم تیغ بر راہ چلنے پڑی
مکان کنج لب خواہش جان کا | تبسم سبب کاہش جان کا
دہن دیکھکر کچھہ نہ کہئے کہ آہ | سخن کی نکلتی تھی مشکل سی راہ
سزا ہے جگر اس کسو کے لئے | جو سیب ذقن اسکا بو کر جیے
گل تازہ شرمندہ اس رسے ہو | خجل اسکے مشکناب گیسو سے ہو

کہ جو ما کرون بید مجنون کی طرز — رہے یاد اوس سرو موزون کی طرز

رہون زرد مین گاہ بیمار سا — پریشان سخن گہہ پریدار سا

پری خوان کو لا کوئی افسون پڑہاے — کسو سے کوئی جا کے تعویذ لاے

طبیبون کو آخر دکہایا مجہے — نہ پہنچا جو کچہہ تہا پلایا مجہے

دوا جو لکہی سو خلاف مزاج — کہچا اس خرابے کو کار علاج

کہ سر رشتہ تدبیر کا گم ہوا — دل اور پر ہجوم توہم ہوا

درون خود بخود بیجو اسی رہے — پریشان دلی اور اوداسی رہی

کرون بیکلی جاؤن تا ہر کہین — نہ گہر مین لگے جی نہ باہر کہین

قیامت جنون کا رہے سر مین شور — کہچا جاے دل کوہ و صحرا کی اور

رہے شوق سر در گریبان دل — ہوا کہینچے صحرا کو دامان دل

سر آشفتہ زلف گرہ گیر کا — قدم حلقہ در گوش زنجیر کا

جنون آہ درپے ہوا جان کے — مجوز ہوئے یار زندان کے

گیا بند اک کوٹہری مین مجہے — کہ آتش جنون کی نگروان بجہے

لب نان اک یار دینے لگے — دم آب دشوار دینے لگے

کہان علم کا کسب فرصت نہ آہ — ہوا کا ہی وان گشت روزن گاہ

جفا ضعف سے مجھکو کیا گیا نہ تھی ۔ اقامت گئی یون کہ گویا نہ تھی
پس از چند آنکھین ٹھہرنے لگین ۔ نگاہین بہی کچھ کام کرنے لگین
بندھا ناتوانی کا رخت سفر ۔ گیا طاقت رفتہ نے منہ ادہر
کسے تہا مری زندگانی کا دھیان ۔ ولیکن نہایت تھا مین سخت جان
لگی جان سی آنے اعضا کے بیچ ۔ کوئی روز رہنا تہا دنیا کے بیچ
پھرا ناتوان مین بہت درد سے ۔ کہ نزدیک تہا عالم گور سے
غلط کاری وہم کچھ کم ہوئی ۔ وہ صحبت جو رہتی تھی برہم ہوئی
وہ صورت کا تہا وہم دیوانگی ۔ لگی کرنے در پہ وہ بیگانگی
پس از دیر آنکھو نمین آنے لگے ۔ نہ دو دو پہر منہ لگانے لگے
تدیکھے مری اور اس پیار سے ۔ عزیزانہ سر مارے دیوار سے
کہین تلک تسلی کہین بیقرار ۔ کہین شوق سے میری بے اختیار
کہین واسطے میری روتی ہر خون نا ۔ کہین دست زیر زنخ ہر ستون
کہین دلکو اپنے دکھاوی مجھے ۔ مری بیوفائی جتادے مجھے
کہین دست بر دل وہ رشک قمر ۔ کہین حسرت آلودہ مجھ پر نظر
کہین بیدماغانہ سرگرم ناز ۔ کہین آتش شوق سے جانگداز

غرض تا امید انہ کرا ک نگاہ
وہ نقش تو ہم گیا سوے ماہ

نہ آیا کبھو پھر نظر اوس طرح
نہ دیکھا اوسے جلوہ گر اوس طرح

مگر گاہ سایہ سا مہتاب مین
کبھو وہم سا عالم خواب مین

دل خو پذیر وصال دوام
رہے خواب مین روز شب صبح و شام

اگر وصل خواب فراموش تھا
ولیکن وہی خواب کا جوش تھا

پلک سے پلک آشنا ہے وہی
ز خود رفتگی کی ادا ہے وہی

کھڑا ہون تو سوتا ہون اک ذوق مین
رگ خواب دل سے ہے کف شوق مین

جو بیٹھا ہون خواب گران ہو مجھے
وہ غفلت جہان در جہان ہو مجھے

خیال اوسکا آوے کہ سوتا رہون
تلے سر کے پتھر رکھون سو رہون

مجھے آپ کو یونہین کھوتے گئے
جوانی تمام اپنی سوتے گئی

دیکھا یا نہ اوس مہ نے رو خواب مین
نہ دیکھا پھر اوسکو کبھو خواب مین

بہت جستجو و تجسس ہو چکا
ہم آغوش طالع بہت سو چکا

نہ دیکھا کبھو میر پھر وہ جمال
وہ صحبت تھی گویا کہ خواب خیال

تمام شد

خاتمۃ الطبع
الحمد للہ کہ کلیات [illegible]
[illegible] مطبع
[illegible]
فیض منبع جناب منشی [illegible] طبع ہوا
صاحب [illegible] قدردانی سے
اور بنا [illegible] قیمت
[illegible] زیادہ ہونے [illegible]
[illegible] دوبارہ بحسن انتظام کارپردازان
مطبع ماہ مارچ ۱۸۷۴ء مین
مطابق ماہ محرم ۱۲۹۱ ہجری
حلیہ طبع سے آراستہ ہو کر
بنظارت بخشش دیدۂ مشتاقان ہوا
فقط

John T. Platts.